© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

- نشے میں دھت تھانیدار مسجد میں جا گھسا۔ (ایک خبر)

آدمی تھا کوئی بھینسا تو نہیں تھا!

- پاکستان اور بھارت کو ایٹمی طاقت تسلیم نہیں کریں گے۔ (اقوام متحدہ)

غنڈہ گردی اور کسے کہتے ہیں؟

- جنونی مجسٹریٹ نے تشدد کر کے اپنی بیوی کی پسلیاں توڑ دیں۔ (ایک خبر)

رشوت سے روکتی ہو گی

- سرکاری سکولوں کے طلبہ کی وردی کا رنگ تبدیل۔ (ایک خبر)

ذہنوں کا رنگ تبدیل کرو تو کوئی بات ہے!

- اسحاق ڈار نے نواز شریف کے خلاف ثبوت دے دیئے۔ (ایک خبر)

ہاتھ پاؤں بولنے لگے

- مغربی خیالات سے مغلوب نہیں متاثر ضرور ہوتا ہوں۔ (چیف جسٹس اللہ نواز)

گنا نہیں چوستا گر کھاتا ہوں۔

- دینی مدارس کو زکوۃ فنڈ سے 28 کروڑ دینے کا اعلان۔ (ایک خبر)

میاں مٹھو! چوری کھانی ہے؟

- پنجاب میں سولہ برلینٹ سکول قائم کرنے کی منظوری (ایک خبر)

سکول نہیں کالے انگریز ڈھالنے کی فیکٹریاں!

- ندیم اختر کی موت کی عدالتی تحقیقات کرائی جائے گی۔ (میجر جنرل اطہر حسین)

الو۔ گلو۔ گرمی لگے۔ پنکھا جھلو!

- ہتھکڑی لگے ملزم نے تھانے میں اے ایس آئی قتل کر دیا۔ (ایک خبر)

اس اے ایس آئی نے پتہ نہیں کتنے بے گناہ مارے ہوں گے!

- مجھے لے آئیں۔ رشوت ختم۔ تنخواہیں دگنی کر دوں گا۔ (طاہر القادری)

نہ نو من تیل ہو گا نہ رادھا ناچے گی۔

- حکمران ٹیکسوں کی رقم سے ترقیاتی کام نہیں۔ عیاشیاں کرتے ہیں (عمر سیاپا)

پاکستان بنا ہی ان کی عیاشیوں کے لیے ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- وزیر اعظم ہوتی تو کبھی ایٹمی دھماکے نہ کرتی (بے نظیر)

ساری دنیا میں حکومت جو زنانی ہوتی
جنگ ہوتی جو کہیں، وہ بھی زبانی ہوتی!

- ڈپٹی کمشنر آفس میں شکایات سیل کا قیام۔ (ایک خبر)

جہاں ایک ڈومی سائل سرٹیفکیٹ بھی بغیر رشوت کے نہیں بنتا!

- معین حیدر نے اسامہ کے بارے میں امریکی تشویش افغان وزیر داخلہ تک پہنچادی۔ (ایک خبر)

ملازمت کا حق ادا کر دیا۔

- پاکستان کو سب سے زیادہ نقصان پڑھے لکھے طبقے نے پہنچایا۔ (حامد میر)

کندھے اچکا کر منہ بگاڑ کر بات کرنے والوں نے۔

- آرمی مانیٹرنگ سیل کا تھانیدار کے گھر چھاپہ پانچ شہری منشیات اسلحہ برآمد (ایک خبر)

پولیس کا محکمہ ختم کر دیں۔ آدھے جرائم خود بخود ختم ہو جائیں گے

- عاصمہ جہانگیر بھارتی ایجنٹ لگتی ہے۔ (جے یو آئی) عاصمہ جہانگیر اسلام اور پاکستان پر بدنما داغ ہے (ایک بیان)

حکومت کو ہے مشکل بوجھنا آج اس پہیلی کا
کہ سر میں تیل ڈالا ہے چھچھوندر نے چنبیلی کا
یہ رکھ کر ناک پر انگلی، کہا اک "این جی او" نے
کہ ہے لاہور میں اب کون "ساتھی" مجھ اکیلی کا

بقیہ از ص 24

آزادی ہی پر صرف ہوتا ہے اور یہ غم ان کی جان کو ہلکان کیے رکھتا ہے۔

نادرہ بیگم کا یہ بھی کہنا تھا کہ "پاکستان آ کر انہیں خوشی ہوئی، ہم محبت کا پیغام لائے ہیں۔" ہماری ان کی خدمت میں گزارش ہے کہ اگر انہیں پاکستان آتے ہوئے خوشی ہوتی ہے تو وہ بے شک بار بار پاکستان تشریف لائیں۔ لیکن اپنے آقاؤں کے رٹائے ہوئے محبت کے بھاشن ہندوستان ہی میں چھوڑ کر آئیں۔ پاکستانی خواتین کو ان سے عبرت آتی ہے۔ وہ ایسی محبتوں اور ان کے ان ثمرات کے بدلے میں اپنی عصمت و عفت قربان نہیں کر سکتیں۔ ان کے لیے سیدہ عائشہؓ ایسی پاکباز ماؤں اور سیدہ زینبؓ، سیدہ ام کلثومؓ، سیدہ رقیہؓ، اور سیدہ فاطمہؓ، جیسی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قدسی صفت صاحبزادیوں کے قدموں کی خاک آنکھوں کا سرمہ ہے جو عفتوں اور عصمتوں کا نور بکھیرتا ہے اور شرم و حیاء کی منزلوں کی راہیں اجالتا ہے۔ دعاء ہے کہ نادرہ بیگم کو بھی ان پاک بیبیوں کے قدموں کی دھول کے صدقے اس حقیقی منزل کا سراغ مل جائے۔ جسے وہ "روشن خیالی" کے گرداب میں گم کر بیٹھی ہیں [illegible] پیغام محبت ہے۔

© rasailojaraid.com